سوال

(380) مقتدیوں کو خط کے اوپر ایڑی رکھنا چاہیے یا   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسجد میں اتفاق کر کے صف سیدھی ہونے کے واسطے چند خط مستقیم کھینچ دیئے گئے ہیں۔ اور صفوں کے درمیان فصل چار فٹ ایک انچ رکھا گیا ہے۔ زید کہتا ہے کہ مقتدیوں کو خط کے اوپر ایڑی رکھنا چاہیے اور بکر کہتا ہے کہ خط کے اوپر پیر کی انگلی رکھنی چاہیے۔ آیا فصل دو صفوں کے درمیان چار فٹ ایک انچ چاہیے یا کم و بیش؟ شریعت میں کیا حکم ہے۔؟ اور زید کا قول صحیح ہے یا بکر کا؟ مدلل کتب حدیث سے ت تحریر فرمایئں۔ (سائل نا معلوم)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نشانہ لکیر پر ایڑیاں رکھنی چاہیں۔ تاکہ صف سیدھی رہے۔ کیونکہ پاؤں چھوٹے بڑے ہوتے ہیں۔ چار فٹ کا اندازہ صحیح ہے۔ اس سے آدمی اچھی طرح اندازہ کر سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01ص579

محدث فتویٰ